| Narration | Time |
| --- | --- |
| "Overview of Drupal" پر اسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. | 00:01 |
| اس ٹیوٹوریل میں، ہم سیکھیں گے:<br>Content Management System<br>Drupal | 00:06 |
| Drupal کی نمایاں خصوصیات اور<br>اس سیریز کا جائزہ . | 00:13 |
| سب سے پہلے، ہم یہ سمجھیں کہ Drupal کیا ہے۔ Drupal ایک مفت اور open source Content Management System (CMS) ہے | 00:19 |
| CMS کیا ہے؟<br>یہ پرانے دنوں، جہاں سرور پر اپ لوڈ کی ہوئی کئی html فائلیں ہوا کرتی تھیں، کی طرح نہیں ہے. | 00:30 |
| روایتی انداز میں، ہر ایک ویب پیج کی اپنی html فائل ہوتی ہے. | 00:40 |
| پر یہ کافی مختلف ہے.<br>ہر پیج، مختلف کمپونٹس یعنی اجزاء کا استعمال کرتے ہوئے بنایا جاتا ہے. | 00:47 |
| ہر جُز ایک مختلف مقام سے آ سکتا ہے. | 00:55 |
| ان اجزاء کو کچھ پروگرامنگ لوجک کا استعمال کرتے ہوئے، ترتیب وار کیا جاتا ہے. | 01:00 |
| تو، آپ اسے جس پہ دیکھ رہے ہیں، جیسے ایک ڈیسک ٹاپ یا موبائل پر، اسکی ہیئت اسی کے مطابق مختلف ہو سکتی ہے. | 01:06 |
| اور اس مطابق بھی کہ کون اسے کہاں سے دیکھ رہا ہے.<br>جیسے آپ بھارت سے دیکھنے والے ایک طالب علم ہو سکتے ہیں | 01:14 |
| یا، سنگاپور سے کچھ خریدنے والا ایک گاہک.<br>آپ دونوں الگ الگ پیج دیکھ سکتے ہیں. | 01:23 |
| CMS اس پرزنٹیشن لوجک کے پیچھے ایک پروگرام ہے. | 01:32 |
| یہ PHP، Ajax، Javascript وغیرہ کے طور پر مختلف پروگرامنگ فنکشنلٹیز یعنی فعالیتیں استعمال کرتا ہے | 01:37 |

| | |
|---|---|
| 01:47 | تمام CMS عموماً کسی بھی فارمیٹنگ کے بغیر معلومات کے مواد کو اسٹور یعنی جمع کرنے کے لئے ایک ڈیٹا بیس کا استعمال کرتا ہے. |
| 01:55 | کنٹینٹ کی فارمیٹنگ الگ سے کی جاتی ہے. |
| 02:00 | CMS، غیر تکنیکی یوزرس تک کو بھی آسانی سے ایک ویب سائٹ کو منظّم کرنے کے قابل بناتا ہے. |
| 02:07 | Drupal ایسا ہی ایک CMS ہے جو اوپن سورس ہے، یعنی کوڈ آزادانہ طور پر دستیاب ہے. |
| 02:15 | اسے کوئی بھی ڈاؤن لوڈ اور تبدیل کر سکتا ہے. |
| 02:18 | Drupal، Dries Buytaert کی طرف سے 2000 میں قائم کیا گیا تھا جب وہ ایک طالب علم تھا |
| 02:24 | اسے اوپن سورس بنانے کے بعد، کئی ہزار لوگوں نے کوڈ میں تبدیلی کرنے میں مدد کی ہے. |
| 02:32 | جو تھوڑی سی تبدیلی کر کے اسے کمیونٹی کو واپس کرتے ہیں |
| 02:37 | Drupal کمیونٹی، بڑی اور قریبی آپسی تال میل رکھنے والی اوپن سورس کمیونٹیز میں سے ایک ہے. |
| 02:43 | آج دکھنے والے Drupal کے پیچھے اس کمیونٹی کے ڈیولپرز، سائٹ بنانے والوں اور رضا کاروں کا ہاتھ ہے |
| 02:51 | Drupal میں یہ کہا جاتا ہے کہ "Come for the code, stay for the community" |
| 02:58 | ہوسکتا ہے، آپ اسی وجہ سے کمیونٹی سے جڑے رہیں |
| 03:02 | اب، میں Drupal کی سب سے اہم 10 خصوصیات بتا دوں. |
| 03:06 | نمبر 1: Drupal مفت اور مکمل طور پر اوپن سورس ہے. |
| 03:11 | کوئی بھی سورس کوڈ ڈاؤنلوڈ کر کے اس میں ترمیم کر سکتا ہے |
| 03:15 | اگر آپ ایک ڈیولپر بھی ہیں تب بھی Drupal بہت مفید ہوگا |
| 03:20 | نمبر 2: Drupal لچکدار ہے. |
| 03:24 | Drupal سب سے زیادہ adaptive یعنی حالات کے مطابق ڈھل جانے والے دستیاب نظاموں میں سے ایک ہے |
| 03:28 | Drupal اُن اعلیٰ اور نفیس ویب سائٹس کے ساتھ اچھی طرح کام کرتا ہے جنھیں بہت سے مختلف کسٹم ڈیٹا سٹرکچرس کی ضرورت ہوتی ہے۔ |
| 03:35 | ڈیولپرز اسے دونوں، CMS کے طور پر اور ایک وسیع web development platform کے طور پر استعمال کرتے ہیں. |
| 03:42 | نمبر 3: Drupal موبائل پر بھی چلتا ہے. |

| | |
|---|---|
| 03:46 | ہم اپنی پسند کے موبائل آلے سے Drupal سائٹ کو دیکھ سکتے ہیں اور اسکی دیکھ ریکھ کر سکتے ہیں |
| 03:54 | نمبر 4: Drupal بڑے پروجیکٹس کے لئے بہت اچھا ہے. |
| 04:00 | whitehouse.gov سے weather.com اور Dallas Cowboys تک Drupal کسی بھی پروجیکٹ کو سمبھال سکتا ہے |
| 04:08 | Drupal زیادہ پیچیدہ ویب سائٹس کے لئے زیادہ کارآمد ہے. |
| 04:12 | یہ ایک خصوصیات سے بھری ویب سائٹ بنانے والے لوگوں کیلیئے سب سے بہترین حلوں میں سے ایک ہے. |
| 04:19 | اور یہ بڑے کاروباری اداروں کے لئے بھی انتہائی موزوں ہے. |
| 04:24 | نمبر 5: Drupal، موافق، سماجی اور قابلِ تلاش ہے. |
| 04:29 | Drupal لوگوں کو میری ویب سائٹ اور میرا کنٹینٹ یعنی مواد تلاش کرنے میں مدد کرتا ہے. |
| 04:34 | اس کے علاوہ، Drupal سائٹ ایڈیٹرز کو ٹیگس، وضاحتیں، کی وارڈس اور موافق URLs کو شامل کرنے کی اجازت دیتا ہے. |
| 04:45 | نمبر 6: Drupal محفوظ ہے |
| 04:50 | Drupal ان ذرائع سے ہماری ویب سائٹ کو محفوظ رکھتا ہے۔<br>باقاعدہ سیکورٹی اپ ڈیٹس، ہیش پاس ورڈس کے ساتھ |
| 04:57 | permissions کے ساتھ تبدیل ہونے والے session IDs |
| 05:01 | ٹیکسٹ فارمیٹ permissions جو یوزر کے ان پٹ کو محدود کرتے اور اور کئی اور طریقوں سے بھی. |
| 05:07 | Drupal، سیکورٹی. کو بہت سنجیدگی سے لیتا ہے |
| 05:11 | نمبر 7: ہم اپنی Drupal سائٹ پر ہزاروں Modules شامل کر کے اسکی خصوصیات میں توسیع کر سکتے ہیں. |
| 05:18 | کسی بھی خصوصیت کا سوچیں اور کسی نے پہلے ہی وہ Module بنا کر مفت میں دستیاب رکھا ہوگا |
| 05:27 | ہمارے پاس ایک سے زیادہ Themes یا Theme کے ورشنس ایک ہی ویب سائٹ پر ہو سکتے ہیں.<br>اور پھر بھی ہم اپنی ویب سائٹ ڈیٹا کی بصری پیشکش پر مکمل کنٹرول رکھ سکتے ہیں. |
| 05:40 | نمبر 8: اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو تو، Drupal کی ایک مددگار کمیونٹی یعنی برادری ہے اور یہ بہت بڑی ہے! |
| 05:48 | دنیا بھر میں Drupal تقریبات ہوتی رہتی ہیں. |
| 05:52 | مقامی تقریبات کو Drupal کیمپس کہا جاتا ہے. |

| | |
|---|---|
| 05:55 | اور ہر سال، تمام دنیا میں بڑے DrupalCons ہوتے ہیں. |
| 06:01 | بہت ایکٹیو یعنی فعال فورمس، یوزر گروپس اور IRC چیٹس Drupal کی اور سے مدد کے لیے وقف ہوتی ہیں. |
| 06:08 | نمبر 9: Drupal کے ساتھ کچھ بہت بڑی اور تجربہ کار کمپنیاں ہیں. |
| 06:15 | Acquia، جو اس سیریز کے لئے پارٹنر ہے، سب سے بڑی Drupal کمپنی ہے. |
| 06:21 | بھارت میں ساٹھ سے زائد Drupal سروس کمپنیاں ہیں۔ اور ہزاروں فری لانسرس بھی Drupal جانتے ہیں |
| 06:32 | نمبر 10: Drupal ہر جگہ ہے .اس ریکارڈنگ کے وقت 1.2 ملین سے زیادہ ویب سائٹس موجود ہیں. |
| 06:40 | Drupal پوری ویب کا 3 فیصد اور سب سے اعلیٰ دس ہزار ویب سائٹس میں سے 15 فیصد کو چلاتا ہے |
| 06:50 | Drupal حکومتوں، تعلیم، غیر منافع اور بڑے کاروباری اداروں میں انتہائی مقبول ہے. |
| 06:58 | اس ٹیوٹوریل سیریز میں ہم مندرجہ ذیل موضوعات سیکھیں گے۔<br>Drupal کی انسٹالیشن یعنی تنصیب |
| 07:04 | ہم Drupal اور دیگر متعلقہ سافٹ ویئر انسٹال کرنا بھی دکھائیں گے. |
| 07:10 | تقریبا کوئی بھی یہ کرسکتا ہے،، آپ کو اس کے لیے لینکس یا ونڈوز ایڈمنسٹریشن پر مہارت ضروری نہیں ہے |
| 07:18 | content workflow-<br>یہاں، ہم دیکھتے ہیں Drupal میں ایک ویب سائٹ کے بنیادی کنٹینٹ یعنی مواد کا انتظام کس طرح کیا جاتا ہے |
| 07:26 | ہم ایک سادہ ویب سائٹ کے مواد کو ایسے بنائیں گے جیسے آپ ورڈ پروسیسر میں اس میں ترمیم کررہے ہوں |
| 07:34 | پھر ہم کچھ قوی خصوصیات سیکھیں گے جو Drupal کو خاص بناتی ہیں |
| 07:40 | یہ کنٹینٹ کے مابین تعلقات، کئی کنٹینٹس کا پروگرامیٹک فارمیٹڈ ڈسپلے یعنی اظہار وغیرہ ہیں |
| 07:49 | Drupal میں توسیع کیسے کریں-<br>Drupal کی دوسرے سب سے زیادہ قوی خصوصیت Modules یا Extensions ہیں. |
| 07:56 | جیسا کہ پہلے ذکر کیا ہے، ایک Module، آپ کی ضرورت کی کسی بھی خصوصیت کے لئے ایک اپلی کیشن کی طرح ہوتا ہے |
| 08:05 | Modules کے لاکھوں کی تعداد میں ہوتے ہوئے ہم آپ کو دکھائیں گے کہ آپکے مقصد کیلئے ایک Module کیسے منتخب کریں |

| | |
|---|---|
| 08:13 | ایک سائٹ کا layout کیسے بنائیں<br>ایک بار جب بنیادی مواد اور خصوصیات تیار ہوں، ہمیں اس کا ایک خوبصورت ڈسپلے بنانے کی ضرورت ہے. |
| 08:24 | layout حصے میں، ہم دیکھیں گے کہ ایک ویب سائٹ کی دکھاوٹ اور سجاوٹ کس قدر آسان ہے |
| 08:31 | Module کی طرح، Themes بھی کمیونٹی کی اعانت کے طور پر دستیاب ہیں. |
| 08:38 | people کو مینیج کیسے کریں- |
| 08:40 | ایک یوزر پر مبنی CMS، مثلاً WordPress، Drupal اکثر ایسے حالات میں استعمال ہوتا ہے جہاں مختلف یوزرس ایک سائٹ پر مختلف طرح کے کام کر رہیں ہوں |
| 08:53 | people مینیجمینٹ حصے میں، ہم مختلف Roles کو سیٹ اپ اور انہیں مختلف permissions دینا سیکھیں گے. |
| 09:01 | سائٹ کو کس طرح مناسب طریقے سے منظّم کریں، آخر میں، آخری حصے میں، ہم Drupal کے کوڈ کو مینیج کرنا سیکھیں گے. |
| 09:11 | ویب سائٹ کے تحفظ اور استحکام کے لئے اسے اپ ڈیٹڈ رکھنا اہم ہے. |
| 09:17 | *یہ ویب سائٹ میں یوزرس کے موافق نئی خصوصیات حاصل کرنے میں بھی مددگار ہے. |
| 09:24 | اس کے ساتھ، ہم اس ٹیوٹوریل کے آخر میں آ گئے ہیں |
| 09:28 | خلاصہ پیش کرتے ہیں. اس ٹیوٹوریل میں، ہم نے سیکھا:<br>Drupal کا تعارف<br>Drupal کی نمایاں خصوصیات اور<br>اس Drupal سیریز کا جائزہ . |
| 09:41 | یہ ویڈیو Acquia اور OSTraining سے اخذ کیا گیا ہے اور اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ، آئی آئی ٹی ممبئی کی طرف سے اسکی نظرثانی کی گئی ہے. |
| 09:51 | مندرجہ ذیل لنک پر ویڈیو، اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ کرتا ہے . ڈاؤن لوڈ کریں اور دیکھیں |
| 09:59 | اسپوکن ٹیوٹوریل کی پروجیکٹ ٹیم ورکشاپس کا انعقاد کرتی اور آن لائن ٹیسٹ پاس کرنے والوں سے اسناد دیتی ہے . مزید تفصیلات کے لئے، ہمیں لکھیں. |
| 10:11 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کی مالی معاونت NMEICT، وزارت انسانی وسائل کی ترقی اور NVLI، بھارت کی وزارتِ ثقافت، حکومت ہند کرتی ہے |
| 10:24 | میں یعنی وجاحت احمد اب اجازت لیتا ہوں . شامل ہونے کے لئے شکریہ. |